**13.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

.......................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی، امریکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ واشنگٹن ڈی سی میں باہمی مذاکرات کریں گے۔

☆ منی پور میں وزیر اعلیٰ این برین سنگھ کے استعفیٰ کے کئی دن بعد صدر راج نافذ کردیا گیا ہے۔

☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ حکومت نے کسی سیکٹر جاتی مختص رقم میں کوئی کٹوتی نہیں کی ہے۔ وہ راجیہ سبھا میں مرکزی بجٹ پر بحث کا جواب دے رہی تھیں۔

☆ آمدنی ٹیکس بل 2025 لوک سبھا میں پیش کیا گیا۔ وقف (ترمیمی) بل سے متعلق مشترکہ کمیٹی کی رپورٹ کو، اپوزیشن کے مظاہرے کے دوران، پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پیش کیا گیا۔

☆ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ اختتام پذیر ہوا۔

☆ دلّی اوپن ٹینس میں Niki Poonacha اور Courtney Lock کی بھارت-زمبابوے کی جوڑی مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

.......................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### Rev. PM US Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج رات واشنگٹن ڈی سی میں محدود اور وفد کی سطح، دونوں طرح سے، امریکی صدر ٹرمپ کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گے۔ امریکہ این ایس اے Michael Waltz، ٹیسلا اور SpaceX کے مالک ایلن مسک اور بھارتی امریکی کاروباری وویک راما سوامی آج وزیراعظم سے ملاقات کریں گے۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ جناب مودی، امریکی صدر کے دوسری مدت کیلئے کام کاج سنبھالنے کے بعد امریکہ کا دورہ کرنے والے پہلے چند عالمی لیڈروں میں سے ایک ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC Suparna

امریکہ کے ساتھ باہمی تعلقات، حالیہ برسوں میں بھارت کے سب سے زیادہ مستحکم بین الاقوامی شراکت داریوں میں سے ایک ہے۔ وزیر اعظم کا دورہ گذشتہ سال نومبر میں صدر ٹرمپ کے انتخابات کے بعد نئے انتظامیہ کے

ساتھ بھارت کی جامع مصروفیت کے عین مطابق ہے۔ صدر ٹرمپ کی پہلی مدت کے دوران وزیر اعظم نے 2017 اور 2019 میں دو موقعوں پر امریکہ کا دورہ کیا تھا۔ اس مرتبہ صدر ٹرمپ کے انتخاب کے بعد وزیراعظم انھیں فون کرنے والے اور مبارکباد دینے والے پہلے عالمی لیڈروں میں سے ایک ہیں۔ یہ دورہ مستحکم بھارت-امریکہ عالمی جامع مکمل شراکت داری کو مستحکم کرنے اور تمام شعبوں میں باہمی طور پر مستفید اور بھروسے مند تعلقات کیلئے ایک بامقصد ایجنڈے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

وزیر اعظم نریندر مودی امریکہ کے دو روزہ دورے پر آج صبح سویرے واشنگٹن ڈی سی پہنچے ہیں۔x

## Manipur Prez Rules

منی پور کے وزیر اعلیٰ این بیرین سنگھ کے استعفے کے کئی دن بعد منی پور میں صدر راج نافذ کر دیا گیا ہے۔ وزارت داخلہ نے اس سلسلے میں ایک باضابطہ اطلاع نامہ جاری کیا ہے۔ اطلاع نامے کے مطابق صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو منی پور گورنر کی جانب سے ایک رپورٹ موصول ہوئی ہے۔ رپورٹ پر غور و خوض کرنے کے بعد آئین کی دفعہ 356 میں درج اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ریاست میں صدر راج نافذ کیا گیا ہے۔ اطلاع نامے میں مزید کہا گیا ہے کہ اسمبلی کو معطل کر دیا گیا ہے۔ x

## RS Budget Discosion

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج کہا کہ حکومت نے مرکزی بجٹ 26-2025 میں کسی بھی سیکٹر جاتی مختص رقم میں کوئی کٹوتی نہیں ہے۔ راجیہ سبھا میں بجٹ پر بحث کا جواب دیتے ہوئے محترمہ رمن نے کہا کہ بجٹ کا مقصد، نجی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنے کے علاوہ نشو ونما کو رفتار بخشنا ہے۔ وزیر موصوفہ نے کہا کہ موثر کیپٹل اخراجات میں کوئی کمی نہیں کی گئی ہے جیسا کہ اپوزیشن نے دعویٰ کیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ نریندر مودی کی قیادت میں حکومت کے تحت بھارت اب اعلیٰ عالمی معیشتوں کے مابین پانچویں مقام پر ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے بجٹ میں قلیل مدتی قرضوں میں وسیع کٹوتی کی گئی ہے کہ نجی شعبے کیلئے مارکیٹ میں وسیع تر لکویڈیٹی کو یقینی بنایا جاسکے۔

افراطِ زر کے سوال سے متعلق وزیر موصوفہ نے کہا کہ گذشتہ روز جاری اعداد وشمار کے مطابق جنوری 2025 میں CPI اشاریہ پانچ اعشاریہ دو دو فیصد سے کم ہوکر چار اعشاریہ تین ایک فیصد ہوگیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اب اشاریہ RBI کے کمتر افراطِ زر کے نشانے سے قریب ہے۔ اس سے قبل بحث میں حصہ لیتے ہوئے BJP کی رکن پارلیمنٹ درشنا سنگھ نے کہا کہ یہ بجٹ وکست بھارت 2047 کا روڈ میپ ہے۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ عمران پرتاپ گڑھی نے حکومت کی نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ منریگا کیلئے بجٹ جاتی مختص رقم میں اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بجٹ میں افراطِ زر کے معاملے پر توجہ مرکوز نہیں کی گئی ہے۔ بحث کے دوران، دیگر بہت سے اراکین نے بھی حصہ لیا۔x

## LS Income Tax Bill

آج لوک سبھا میں آمدنی ٹیکس بل 2025 پیش کیا گیا۔ اس بل کا مقصد آمدنی ٹیکس سے تعلق رکھنے والے قانون کو مستحکم کرنا اور اس میں ترمیم کرنا ہے۔ وزیر خزانہ محترمہ سیتارمن نے اس بل کو لوک سبھا میں پیش کیا۔ بل کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس نئے قانون میں موجودہ قانون کے مقابلے میں کم دفعات اور چیپٹرز ہیں نیز یہ کہ اسے عام آدمی کو سمجھنے کیلئے آسان بنایا گیا ہے۔ محترمہ سیتارمن نے تجویز کیا کہ اس بل کو مزید جانچ پڑتال کیلئے پارلیمنٹ کی منتخبہ کمیٹی کو بھیجنا چاہئے اور اس کے مطابق کمیٹی پارلیمنٹ کے آئندہ اجلاس کے پہلے روز اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ وزیر موصوفہ نے بل پر اپوزیشن کے کچھ اراکین پارلیمنٹ کے ذریعے اٹھائے اعتراضات کو بھی مسترد کردیا۔

انھوں نے واضح کیا کہ مجوزہ بل میں دفعات کی تعداد 536 ہے جبکہ آمدنی ٹیکس قانون 1961 میں 819 دفعات تھیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ موجودہ قانون کے مقابلے میں مجوزہ قانون میں الفاظ کی تعداد تقریباً نصف ہے۔

مزید تفصیلات ہمارے نمائندے سے..................

VC Asonuo

آمدنی ٹیکس بل 2025 کو لوک سبھا میں متعارف کرایا جانا موجودہ انکم ٹیکس ایکٹ 1961 کی زبان اور ڈھانچے کو سہل بنانے کی جانب ایک نمایاں قدم ہے۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے واضح کیا کہ مجوزہ بل کا مقصد قانون کو مزید قابل رسائی بنانا اور ٹھوس ترمیمات کرنا، ساتھ ہی اور زیادہ وضاحت کرتے ہوئے غیر ضروری دفعات کو حذف کرنا ہے۔ بل میں بہتر سمجھ بوجھ کیلئے ضرورت کے مطابق ہندسوں اور فارملوں کے ذریعے مزید معقول بنایا گیا ہے۔ اس میں ٹیکس سے متعلق موجودہ اصولوں کو برقرار رکھنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ بل کو وضع کرنے کے دوران حکومت نے ٹیکس دہندگان، کاروبار، صنعتی اداروں اور پیشہ ورانہ اداروں سمیت سبھی متعلقہ فریقین کے ساتھ وسیع صلاح مشوروں کو زیر غور رکھا تھا۔

تقریباً 21 ہزار آن لائن تجاویز پر غور کیا گیا تھا اور مطابقت کے اعتبار سے انھیں شامل کیا گیا۔ آمدنی ٹیکس بل 2025 سے حکومت کے اس عزم کی عکاسی ہوتی ہے کہ وہ ایک آسان اور واضح ٹیکس نظام کے ذریعے کاروبار میں مزید آسانی پیدا کرنے پر عہد بستہ ہے۔

Asonuo کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں فیصل حبیب

## Eve. Waqf

وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق مشترکہ کمیٹی کی رپورٹ کو آج اپوزیشن کی جانب سے احتجاج کے درمیان پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پیش کیا گیا۔ لوک سبھا کی کارروائی کے التوا کے بعد دوپہر 2 بجے دوبارہ کارروائی شروع ہونے کے بعد مشترکہ کمیٹی کے چیئرمین، جگدمبیکا پال نے ایوان میں رپورٹ پیش کی۔ اپوزیشن اراکین کی جانب سے شور وغل کے مناظر دیکھنے میں آئے۔ ہنگامہ آرائی کے درمیان، مرکزی وزیر داخلہ جناب امت شاہ نے کہا کہ BJP کو کوئی اعتراض نہیں ہوگا اگر لوک سبھا اسپیکر اوم برلا رپورٹ میں اختلافی نوٹس کو شامل کرنے کی اجازت دیتے

ہیں جیسا کہ اپوزیشن کے اراکین، مطالبہ کر رہے تھے۔ کانگریس، DMK، سماج وادی پارٹی، TMC اور دیگر پارٹیوں کے ارکان نے رپورٹ کی مخالفت میں ایوان سے واک آؤٹ کیا۔

راجیہ سبھا میں، آج صبح جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، BJP کے پارلیمانی رکن ڈاکٹر میدھا وشرام کلکرنی نے اپوزیشن کے احتجاج کے درمیان رپورٹ کی نقل ایوان میں پیش کی۔ اپوزیشن کے اراکین کی جانب سے نعرے بازی کا سلسلہ جاری رہنے کے تناظر میں چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے اراکین سے کہا کہ وہ ایوان کی کارروائی چلنے دیں لیکن ان کی اپیل کا کوئی اثر نہیں رہا۔ اپوزیشن کے لیڈر ملکارجن کھڑگے نے الزام لگایا کہ کمیٹی میں شامل اپوزیشن ممبروں نے جو اختلافی نوٹس دیئے تھے، وہ رپورٹ میں شامل نہیں کیے گئے ہیں۔ انہوں نے اسے جمہوریت کے مخالف قدم سے تعبیر کیا۔

جواب میں پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے واضح کیا کہ نہ تو رپورٹ کا کوئی حصہ اور نہ ہی اختلافی نوٹس رپورٹ سے الگ کئے گئے ہیں۔ انہوں نے اپوزیشن پر الزام لگایا کہ وہ اس معاملے پر ایوان کو گمراہ کر رہی ہے۔ایوان کے لیڈر جے پی نڈا نے کہا کہ روایتوں کو برقرار رکھتے ہوئے پارلیمانی اراکین کو آئینی ضابطوں کی پابندی کرتے ہوئے ایوان کی کارروائی کو بلا رکاوٹ چلنے دینا چاہیے۔ حکومت کے جواب سے مطمئن نہ ہوتے ہوئے اپوزیشن کے اراکین نے ایوان بالا سے واک آؤٹ کیا۔ x

## LS Recess

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج اگلے مہینے کی 10 تاریخ تک کے وقفے کے ساتھ ختم ہوگئی کیونکہ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ اختتام پذیر ہوگیا۔ لوک سبھا میں اسپیکر اوم برلا نے بتایا کہ اجلاس کے پہلے مرحلے میں 112 فیصد کام کاج کیا گیا۔

S/B 2100 OM Birla LS Productivity

انھوں نے ایوان کو مطلع کیا کہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک میں 177 اراکین نے 17 گھنٹے سے زیادہ بحث میں حصہ لیا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ 170 اراکین نے عام بجٹ 26-2025 پر بحث میں حصہ لیا۔ وقف (ترمیمی) بل 2024 کے متعلق مشترکہ کمیٹی کی رپورٹ کو بھی پیش کردیا گیا ہے۔اسی دوران، راجیہ سبھا کی کارروائی بھی معطل کردی گئی ہے اور اِس کا اجلاس وقفے کے بعد 10 مارچ کو دوبارہ شروع ہوگا۔اِس اجلاس کا پہلا مرحلہ پچھلے مہینے کی 31 تاریخ کو شروع ہوا تھا۔x

## PM World Radio Day

آج ریڈیو کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس موقع پر مبارکباد دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ خبروں اور ثقافت سے موسیقی اور کہانی سنانے تک ریڈیو ایک ایسا طاقتور وسیلہ ہے جو تخلیقی صلاحیت کو اجاگر کرتا ہے۔ اس موقع پر اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے نئی دلّی میں ریڈیو فیسٹیول 2025 کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ آکاشوانی، دنیا میں سب سے بڑی نشریاتی تنظیموں میں سے ایک ہے اور

یہ 98 فیصد آبادی تک رسائی کرتا ہے۔ آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Pragya Paliwal Gaur نے کہا کہ عوام کو خبروں کے ساتھ ساتھ آکاشوانی کے دیگر پروگراموں پر بھروسہ ہے۔x

**Vaishnaw Radio**

ریڈیو کے عالمی دن پر اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا کہ آکاشوانی، 1936 سے بھارتی نشریات کا کلیدی ستون رہا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب ویشنو نے وزیر اعظم نریندر مودی کی من کی بات کا ایک ویڈیو شیئر کیا جس میں جناب مودی نے ہماچل پردیش سے اُن لمحات کو یاد کیا ہے جس میں لوگوں کے ساتھ ریڈیو کے گہرے تعلق میں اُن کے عقیدے کو مزید تقویت ملی ہے۔

S/B 2100 Vaishnaw Radio-PM

**J&K Shabe-e-Barat**

جموں وکشمیر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے شب برات کے متبرک موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے شب برات کی روحانی اہمیت کو اجاگر کیا اور لوگوں پر زور دیا کہ وہ اِس موقعے کے روحانی اثر کو حاصل کریں اور تمام انسانیت کی بہبود کیلئے دعا کریں۔x

**VC- Mahakumbh**

اب خبریں مہاکمبھ میلے سے......

Montage

پریاگ راج میں مہاکمبھ کے تروینی سنگم میں آج شام 8 بجے تک 80 لاکھ سے زیادہ عقیدتمندوں نے پوتر اسنان کیا۔ اس عظیم میلے میں بھارت و بیرون ملک سے لاکھوں عقیدتمندوں نے شرکت کی۔ ہمارے نامہ نگار کے مطابق متعدد معروف شخصیات سمیت 49 کروڑ 14 لاکھ سے زیادہ عقیدتمند، اب تک پوتر اسنان کرچکے ہیں۔ سنت، بھکت اور زندگی کے ہر طبقے کے لوگ پوتر اسنان کر رہے ہیں۔

چھتیس گڑھ کے گورنر رمن Deka نے پوجا ارچنا کی اور پوتر اسنان کیا۔ چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وِشنو دیوسائی نے بھی سنگم میں اسنان کیا۔ تریپورہ کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر مانک ساہا نے بھی اپنے اہل خانہ کے ساتھ پوتر اسنان کیا۔مرکزی وزیر جوتر رادتیہ سندھیا نے کہا کہ یہ سب کیلئے ایک مبترک لمحہ ہے نیز یہ کہ دنیا بھر سے آنے والے لوگوں کیلئے ایک بہت مبترک وقت ہے۔ انہوں نے یہ بات سنگم میں ڈبکی لگاتے ہوئے کہی۔

سینئر کانگریس لیڈر سچن پائلٹ نے بھی پوتر اسنان کیا۔ پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت سہگل بھی آج مہا کمبھ میں موجود تھے۔ متبرک ڈبکی لگانے کے بعد جناب سہگل نے آکاشوانی کے کمبھ وانی چینل سے خطاب کیا اور عوامی الناس تک پہنچنے کیلئے اِس کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ نشریہ، پرسار بھارتی کے درست اور سچّی خبریں اور معلومات فراہم کرنے کے مقصد کی عکاسی کرتا ہے، جس میں کوئی مفروضی عنصر نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرسار

بھارتی، اِس طرح کے مزید دلچسپ پروگرام تیار کرتا رہے گا اور اپنے آپ کو وسعت دیتا رہے گا۔ مہا کمبھ میں دنیا بھر سے لوگ پہنچ رہے ہیں۔

آکاشوانی نیوز پریاگ راج سے ابھیشک کپل کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## Vaishnav AI

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت، ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے سے متعلق اقدامات جیسے UPI، آدھار اور Digilocker کے ذریعے ٹیکنالوجی کو عوام تک پہنچانے میں ایک لیڈر کے طور پر ابھرا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ویشنو نے کہا کہ اس کے کامیاب ماڈل نے نمایاں طور پر بین الاقوامی توجہ اور اسے اپنانے میں دلچسپی پیدا کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ پیرس میں ہوئی AI ایکشن سمٹ میں جناب مودی نے مصنوعی ذہانت کے تئیں بھارت کے جامع نقطۂ نظر کو واضح کیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ وزیر اعظم نے ''AI بہتری کیلئے'' کے موضوع پر مرکوزِ نظر ہے اور AI کی یکساں رسائی کو یقینی بناتے ہوئے اشتراک پر مبنی عالمی حکمرانی کے خاکے کی ضرورت کی اہمیت پر زور دیا۔

جناب ویشنو نے کہا کہ بھارت کے اسٹریٹجک سازگار حالات، ایک مضبوط IT ایکو نظام، صلاحیتوں کا ایک وسیع مجموعہ، اختراعی کلچر جیسے عوامل، بھارت کو AI سے عالمی منظر نامے میں ایک منفرد حیثیت کا حامل بناتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ AI حکمرانی میں بھارت کی بڑھتی ہوئی قیادت کے اعتراف میں وہ اگلی AI سمٹ کی میزبانی کرے گا، جس سے مصنوعی ذہانت کے مستقبل کو عالمی طور پر سنوارنے میں اس کے رول کو اور زیادہ اہمیت حاصل ہوگی۔ x

## Delhi Open Tennis

ٹینس میں بھارت کے Niki Poonacha اور زمبابوے کے Courtney Lock آج شام دلّی اوپن کے مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ بھارت-زمبابوے کی جوڑی نے سیمی فائنل میں جاپان کے Kaito Uesugi اور Shintaro Mochizuki کی جوڑی کو چھ-تین، دو-چھ، دس-پانچ کے اسکور سے شاندار شکست دی۔ اب یہ جوڑی کل سیمی فائنل میں برطانیہ-ڈنمارک کی Jay Clarke اور Johannes Ingildsen سے کھیلے گی۔ یہ میچ دوپہر 12 بجکر پچاس منٹ پر شروع ہوگا۔ اس سے قبل، Poonacha اور Lock نے گذشتہ روز چیک کی جوڑی Marek Gengel اور Dalibor Svrcina کو دو-چھ، سات-چھ (پانچ)، دس-چھ کے تین سیٹ کے سخت مقابلے میں شکست دے کر دلّی اوپن مردوں کی ڈبلز کے اپنے سفر کا آغاز کیا تھا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆